وفاقی وزیر مذہبی امور حامد سعید کاظمی پر قاتلانہ حملہ کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

کراچی ۔۔۔2، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور حامد سعید کاظمی پر قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ وفاقی وزیر پر قاتلانہ حملہ حکومت کیلئے چیلنج ہے اور دہشت گرد عناصر اس قسم کی کارروائیاں کرکے امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں ۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ان انتہاء پسندوں ، دہشت گردوں کے خلاف مزید سخت کارروائیاں کی جائیں اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری ، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی پر قاتلانہ حملے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ۔انہوں نے قاتلانہ حملے میں جاں بحق ہونے والے ڈرائیور کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور وفاقی وزیر کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

ایم کیوایم کے تحت دانشوروں، کالم نگاروں اور صحافیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر جمعہ کو ہوگا
الطاف حسین تقریب کے شرکاء سے ٹیلیفونک خطاب کریں گے

کراچی ۔۔02، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام مورخہ 4، ستمبر بروز جمعہ کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں دانشوروں ، کالم نگاروں ، تجزیہ نگاروں ، صحافیوں ، اینکر پرسن ، فوٹو گرافرز اور کیمرہ مینوں کے اعزاز میں افطار ڈنر دیا جائے گا۔تقریب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔تقریب میں پاکستان کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے دانشور ، صحافی اور کالم نگار شرکت کریں گے۔ایم کیوایم کی جانب سے اہل قلم حضرات کے اعزاز میں افطار ڈنر کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے جبکہ دانشوروں ، کالم نگاروں اور صحافی حضرات کو دعوت نامے ارسال کیے جاچکے ہیں ۔

آصف علی پوتہ کے سسر اور ناہید اختر کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔02، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف صحافی و کالم نگار آصف علی پوتہ اور معروف گلوکارہ ناہید اختر کے والد اختر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

جناح پور نقشہ کا الزام عوام کو گمراہ کرنے کی سازش تھی، کراچی تنظیمی کمیٹی

کراچی ۔۔02، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پر جناح پور کا گھناؤنا الزام ملک بھر کے عوام کو گمراہ کرنے کی سازش تھی ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سابق فوجی افسران کی جانب سے 19 جون 1992ء کا ریاستی آپریشن اور جناح پور کے نقشہ کی برآمدگی کو ڈرامہ اور افسانہ قرار دینے کے اعترافی بیانات کے بعد حقائق کھل کر دنیا کے سامنے آچکے ہیں اور یہ ثابت ہوچکا ہے کہ ایم کیوایم پر جھوٹے اور من گھڑت الزامات عائد کئے گئے تھے ۔انہوں نے کہا کہ ملک کی تیسری بڑی محبِّ وطن سیاسی جماعت ایم کیوایم کو اسٹیبلشمنٹ نے مظالم کا نشانہ بنایا اور اس کے فکر وفلسفہ کو روکنے کیلئے گھناؤنی سازشیں کیں ، ایم کیوایم پر غداری اور ملک دشمنی کے من گھڑت اور بے بنیاد الزامات عائد کئے گئے اور اسے صفحۂ ہستی سے مٹانے کی کوشش کی گئی لیکن تمام تر مظالم اور سازشوں کے باوجود حق پرستی کی جدوجہد کو ختم نہیں کیا جاسکا اور ایم کیوایم آج بھی قائم ودائم ہے۔

☆☆☆☆☆